http://dailygawadarbusiness.com.pk

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ

گوادر بزنس

کوئٹہ

جلد 21 | پیر 29 جون 2026ء | 13 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 304

ملکی استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور بلوچستان میں امن و ترقی کے فروغ کے لئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق

وزیراعلیٰ بلوچستان کی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

حکومت زلزلہ متاثرین کو ہر ممکن امداد اور سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، متاثرین کی فوری امداد، بحالی اور ضروری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے

حکومت دہشت گردی اور بدامنی کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، میر سرفراز بگٹی

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کو یہاں اسلام آباد میں جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر ان سے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت زلزلہ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

نیشنل ڈیٹا گورننس پالیسی 2026 کے تحت ریگولیٹر اتھارٹی بنانے کا فیصلہ

مجوزہ نیشنل ڈیٹا گورننس پالیسی 2026 کے تحت پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی کو وسیع اختیارات دیے جائیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزارت آئی ٹی کے ذیلی ادارے پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی نے ملک میں مرکزی ڈیٹا ریگولیٹر اتھارٹی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

مجتبیٰ خامنہ ای کا امریکا اسرائیل کیخلاف جنگی جرائم کی قانونی کارروائی کا حکم

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے امریکا اسرائیل کے خلاف جنگی جرائم کی قانونی کارروائی کا حکم دے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب میں ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 14 افراد جاں بحق

ہیلی کاپٹر آرامکو کی ملکیت ہے جو راس تنورہ میں گر کر تباہ ہوا، سعودی میڈیا کی تصدیق

ریاض (این این آئی) سعودیہ عرب میں ایک ہیلی کاپٹر گر کر تباہ ہوگیا جس کے باعث اس میں سوار تمام 14 افراد جاں بحق ہوگئے۔ سعودی عرب کے سرکاری خبر رساں ادارے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکا کے پھر ایران پر حملے، دفاعی تنصیبات، ڈورن ذخیرہ گاہ کو نشانہ بنایا

ایران کے بحرین اور کویت میں امریکی تنصیبات پر حملے

امریکی فوج نے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی پر ایران کو نشانہ بنایا، ایسا وقت بھی آسکتا ہے کہ ہم مزید تحمل کا مظاہرہ کرنے کے قابل نہ رہیں، امریکی صدر

ایرانی وزیر خارجہ کا اہم مذاکرات کے لیے بغداد کا ہنگامی دورہ، مشرق وسطی میں کشیدگی کم کرنے کے لیے مصر اور قطر کا مشترکہ پیغام، سفارتی کوششیں تیز

خلیجی ممالک بیرونی مداخلت کے بغیر سکیورٹی فریم ورک تشکیل دیں، آبنائے ہرمز آئندہ 30 روز تک مکمل طور پر ایران کی نگرانی میں رہے گی، عراقی وزیر خارجہ کے ہمراہ پریس کانفرنس

تجارتی جہاز پر ایرانی حملے کے بعد ایران پر مزید فضائی حملے کیے، ایران نے امریکی حملوں کے جواب میں بحرین اور کویت میں امریکی تنصیبات پر حملے کئے، سینٹ کام

واشنگٹن/تہران/قاہرہ (این این آئی) امریکا نے ایران پر پھر حملہ کر دیا، امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں پانامہ کے پرچم بردار ٹینکر جہاز پر ایرانی ڈرون حملے کے جواب میں ایران میں متعدد فوجی اہداف پر فضائی کارروائی کی ہے۔ پاسدارانِ انقلاب (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

تہران (دنیا نیوز) ایرانی نے امریکی جارحیت کے جواب میں بحرین اور کویت میں واقع امریکی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی انتخابات، پی پی اور جے یو آئی کا سیاسی اتحاد کا اعلان

اپریل 14 اور اپریل 23 پر جے یو آئی امیدوار دونوں پارٹیوں کے مشترکہ امیدوار ہوں گے، چوہدری یاسین

آزاد کشمیر میں جے یو آئی کے ساتھ باضابطہ سیاسی اتحاد کا اعلان کرنے جا رہے ہیں

مظفر آباد (م ڈ) پاکستان پیپلز پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کیلئے سیاسی اتحاد کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد میں پیپلز پارٹی اور (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

بدامنی کے ماحول میں عوامی اجتماعات امن پسندوں کو حوصلہ دیتے ہیں

مولانا فضل الرحمان

علم نفع کا باعث بھی بنتا ہے اور نقصان کا سبب بھی بنتا ہے کبھی یہی علم ہدایت کا ذریعہ بنتا ہے کبھی گمراہی کا سبب بن جاتا ہے

عوامی اجتماعات قوم کی زندگی کی علامت اور امن دشمنوں کی حوصلہ شکنی کا باعث ہیں، حکومتی جماعتیں عوام میں جانے کا حوصلہ نہیں رکھتیں

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ بدامنی کے ماحول میں عوامی اجتماعات سے امن کو فروغ ملتا ہے اور بدامنی پھیلانے والوں کا حوصلہ ٹوٹتا ہے اور امن پسندوں کو حوصلہ ملتا ہے اور یہ دین اسلام اور وطن کی بہت بڑی خدمت ہے، اس وقت (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

غزہ کے محفوظ زون پر اسرائیلی ڈرون حملہ، 15 سالہ لڑکی اور اس کا بھائی شہید

غزہ (این این آئی) غزہ کے جنوبی شہر خان یونس کے علاقے المواصی میں، جسے جنگ بندی کے تحت محفوظ علاقہ قرار دیا گیا تھا، اسرائیلی ڈرون حملے میں ایک بہن اور اس کا بھائی شہید جبکہ متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ طبی ذرائع کے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

28 ویں ترمیم سے متعلق اب تک کچھ سامنے نہیں آیا، نیئر بخاری

پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی سیاست اپنی اپنی ہے، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ 28 ویں ترمیم سے متعلق اب تک کچھ سامنے نہیں آیا، صوبوں نے اپنے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

کراچی رینجرز کیمپ پر حملہ ناکام، 3 دہشتگرد ہلاک، 3 اہلکار شہید، افغان شہری گرفتار

وطن کے دفاع میں دی جانے والی یہ عظیم قربانیاں قوم کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ منطقی انجام تک جاری رہے گی، آرمی چیف

بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، رینجرز کے جوان پوری قوم کا فخر ہیں، صدر مملکت / وزیراعظم

کراچی/اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) نے کہا ہے کہ کراچی کے یونیورسٹی روڈ پر واقع پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر بھارتی حمایت یافتہ کالعدم تنظیم جماعت الاحرار سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کا حملہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 27 جون (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ گزشتہ شب دہشتگردوں کے حملے کے بعد رینجرز کے اہلکار الرٹ کھڑے ہیں

سفارتی محاذ پر پاکستان کی تاریخی پذیرائی دشمن سے ہضم نہیں ہو رہی

بلاول زرداری بھٹو

پاکستانی قوم اپنے وطن کی حفاظت اور دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے پُرعزم ہے

چیئرمین پیپلز پارٹی کا کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر حملے کی مذمت کی اور شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش

کراچی (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی سطح کیسفارتی محاذ پر (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ یکم جولائی کو حلف اٹھائیں گے

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے نومنتخب وزیراعلیٰ امجد حسین یکم جولائی کو حلف اٹھائیں گے۔ اپنے بیان میں نومنتخب وزیراعلیٰ امجد حسین نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ گزشتہ شب دہشتگردوں کے حملے کے بعد تباہ شدہ گیٹ کا منظر

ایران سے سستا تیل و گیس خریدنے پر غور کر رہے ہیں، علی پرویز ملک

پیٹرول کی قیمت میں 160 روپے تک کمی عوام کو منتقل کر دی ہے، وفاقی وزیر پیٹرولیم

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ ایران سے سستا تیل و گیس خریدنے پر غور کر رہے ہیں، حکومت اب تک پیٹرول کی قیمت میں (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب میں آئل کمپنی کا گر کر تباہ ہونے والا ہیلی کاپٹر

آزاد کشمیر کی صورتحال پریشان کن، بات چیت کی جاسکتی ہے: حافظ نعیم

ایسی چیز پر تو کوئی بات نہیں کرے گا جو آئین پاکستان کے خلاف ہو، امیر جماعت اسلامی

ہمیں صرف قوت کی بنیاد پر فیصلوں سے گریز کرنا چاہیے، مولانا فضل الرحمٰن

اسلام آباد (م ڈ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی صورتحال پریشان کن ہے، ایک امید پیدا ہوئی ہیکہ بات چیت کی جاسکتی ہے۔ امیر جماعت (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)



کراچی؛ گزشتہ رات دہشتگردوں کے حملے میں شہید ہونیوالے رینجرز کے جوانوں کی میتیں تدفین کیلئے لے جا رہے ہیں

سندھ اسمبلی میں رینجرز کے شہدا کو خراجِ عقیدت، فاتحہ خوانی اور دہشت گردی کی شدید مذمت

دہشت گردی کے واقعے میں ملوث دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا گیا

ریاست دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنا دیے گئے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے اجلاس میں کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر ہونے والے دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

یورپ، گرمی کی لہر کے دوران 1300 سے زائد اضافی اموات ریکارڈ

یورپ کے مختلف حصوں میں درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کر گیا

نیویارک (م ڈ) یورپ بھر میں شدید گرمی کی لہر کے باعث 21 جون سے اب تک 1300 سے زائد اضافی اموات ریکارڈ کی گئی ہیں۔ اس ہفتے یورپ کے مختلف حصوں میں (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

آئرلینڈ نے دوسرے ٹی 20 میں بھارت کو شکست دیکر سیریز میں وائٹ واش کر دیا

آئرلینڈ کے 154 رنز کے جواب میں بھارتی ٹیم 20 اوورز میں 153 رنز بنا سکی

لندن (م ڈ) آئرلینڈ نے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں عالمی چیمپئن بھارت کو ایک رن سے شکست دے کر سیریز میں وائٹ واش کر دیا، یہ بھارت کی 2023 کے بعد پہلی ٹی ٹوئنٹی سیریز شکست ہے۔ آئرلینڈ کے 154 رنز کے جواب میں بھارتی ٹیم 20 اوورز میں (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

سحاق ڈار کی برطانوی ہم منصب اور یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ سے رابطے

ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کو اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہونے پر مبارکباد

برطانیہ نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت میں پاکستان کے کردار کو سراہا، باہمی رابطے برقرار رکھنے پر اتفاق کیا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس میں خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے ''اسلام آباد مفاہمتی یادداشت'' پر دستخط کے بعد خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

سندھ اسمبلی کا اجلاس اتوار کو تعطیل کے باوجود جاری

سندھ اسمبلی میں رینجرز کے شہدا کو خراجِ عقیدت، فاتحہ خوانی اور دہشت گردی کی شدید مذمت

کراچی میں بہت کام ہوئے ہیں، اپوزیشن نہیں مانے گی لوگ مانیں گے، سید قائم علی شاہ

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کا اجلاس اتوار کو تعطیل کے باوجود جاری رہا، ایوان کی کارروائی کے آغاز میں گزشتہ روز دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن گیارہ جولائی کو قصور میں منعقدہ تحفظ مدارس دینیہ و عوامی حقوق کانفرنس کی تیاریوں کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

موسیٰ خیل میں زلزلے سے 125 مکانات متاثر، 19 افراد زخمی

تحصیل کنگری کے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جاری رہیں، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں زلزلے سے نقصانات پی ڈی ایم اے نے رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق ضلع موسیٰ خیل میں زلزلے سے 125 مکانات متاثر اور (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

بے گناہ افراد اور مہمان نواز کو نشانہ بنانا بلوچستان کی روایات کے منافی ہے میر ضیاء لانگو

متاثرہ فیملی کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، واقعہ میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

معصوم بچوں کے سامنے والد کو شہید کرنا کہاں کی جرت مندی ہے، شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ سے کراچی جانے والی فیملی پر حملے کے واقعے کا سخت نوٹ لیتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم اور بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے عوام کے ساتھ کوئی زیادتی اور ناانصافی برداشت نہیں، شجاعت حسین

اتحاد کی قوت سے امن کے دشمنوں کو شکست دیں گے اور ملک کو امن کا گہوارہ بنائیں گے

لاہور (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ اتحاد کی قوت سے امن کے دشمنوں کو شکست دیں گے اور ملک کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین سے مسلم لیگ ق بلوچستان کے وفد نے ان (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر دہشتگرد حملہ کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر دہشتگرد حملہ کی شدید مذمت کرتے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

ٹرانسمیشن سسٹم میں نقائص، صارفین 86 ارب 45 کروڑ کا اضافی بوجھ برداشت کرنے پر مجبور

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کے ٹرانسمیشن سسٹم میں نقائص کا بوجھ عوام برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ آڈیٹر جنرل کی سالانہ (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین مرید کے میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایران سے تیل گیس خریدیں گے مگر ابھی کچھ ویٹیں ہیں، رانا تنویر حسین

اگر پاکستان تحریک انصاف ایک حقیقی سیاسی جماعت کے طور پر کردار ادا کرے تو ہر سطح پر مذاکرات کیے جاسکتے ہیں

امریکہ، جنگ کے اثرات آٹھ ماہ سے دو سال تک رہ سکتے ہیں، اسرائیل سے جلد جان چھوٹ جائیگی، وفاقی وزیر

مرید کے (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ایران بدامنی کے پیچھے بھارت کی فنڈنگ ہے، ریاستی اداروں نے ذمہ داری سے کام کیا اور بھارت کی سازش کو ناکام بنا دیا۔ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

مرید کے (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ایران پر پابندیاں ختم ہوتے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران دوطرفہ تجارت کو 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کیلئے پُرعزم

تفتان ریلوے سٹیشن پر لوڈنگ، ان لوڈنگ، کسٹمز کلیئرنس اور درآمد و برآمد کی تمام سہولتیں فراہم کی جائیں گی

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت بڑھانے کیلئے اہم پیشرفت ہوئی، ایرانی میڈیا

تہران (این این آئی) پاکستان اور ایران کے حکام نے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کو 5 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان اور ایران (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنماء چوہدری شجاعت حسین سے ڈاکٹر رفیع اللہ چکرئی، بشیر اچکزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

امریکی حملے جنگ بندی کی خلاف ورزی ہیں، ایران کی شدید مذمت

حملوں سے ثابت ہوا امریکی حکومت اپنے وعدوں اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی کوئی قدر نہیں کرتی

تہران (این این آئی) ایران کی وزارت خارجہ نے ملک کے جنوبی ساحلی علاقوں پر ہونے والے تازہ امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں بہیمانہ قرار دیا ہے۔ (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج کا غزہ کی پٹی پر حملہ، حماس کی بحری پولیس کا سربراہ جاں بحق

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران غزہ کی پٹی میں کیے گئے فضائی حملوں میں (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اگلے مالی سال کے بجٹ میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے صوابدیدی فنڈ میں غیر معمولی اضافہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے اگلے مالی سال کے بجٹ میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کے صوابدیدی فنڈ میں غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے امریکہ ایران کو مذاکرات پر بٹھا کر دنیا کو تباہی سے بچا لیا

احسن اقبال

فیلڈ مارشل کی قیادت میں ہماری مسلح افواج نے دشمن کو دندان شکن جواب دیا، کرارے جواب سے بھارت کی چیخیں صدر ٹرمپ تک واشنگٹن پہنچیں

اللہ پاکستان کو عزتوں سے نواز رہا ہے، پی ٹی آئی والے سوشل میڈیا پر ملک، فوج کیخلاف گھٹیا مہم چلاتے ہیں، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر بٹھا کر دنیا کو تباہی سے بچا لیا، پاکستان کے ساتھ جس نے غداری کی ہے اللہ نے اس سے حساب ضرور لیا ہے، اڈیالہ میں بیٹھے شخص نے کشمیر کے عوام کی قربانیوں کا بھارت کے ساتھ سودا کیا، اس نے مودی کو موقع دیا کہ وہ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن گیارہ جولائی کو قصور میں منعقدہ تحفظ مدارس دینیہ و عوامی حقوق کانفرنس کی تیاریوں کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر انتخابات؛ پی ٹی آئی نے 33 امیدواروں کو ٹکٹ جاری کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) آزاد کشمیر نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے عام (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ گزشتہ رات دہشتگردوں کے حملے میں شہید ہونیوالے رینجرز کے جوانوں کی میتیں تدفین کیلئے لے جا رہے ہیں

اسرائیلی فوج کا غزہ کی پٹی پر حملہ، حماس کی بحری پولیس کا سربراہ جاں بحق

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران غزہ کی پٹی میں کیے گئے فضائی حملوں میں (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

سردار اختر مینگل سے اسد قیصر کی سربراہی میں پی ٹی آئی وفد کی ملاقات

ساجد ترین ایڈووکیٹ، مرکزی سیکریٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ اور مرکزی سیکریٹری انسانی حقوق احمد نواز بلوچ بھی موجود تھے

ملک اور خصوصاً بلوچستان کے مختلف اہم سیاسی امور اور موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے ان کی رہائش گاہ پر سابق اسپیکر قومی اسمبلی و سینئر رہنما پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) ایم این اے اسد قیصر کی سربراہی میں پی ٹی آئی رہنماں کے ایک اعلیٰ سطح کے وفد نے کوئٹہ میں اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر بی این پی کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنماء چوہدری شجاعت حسین سے ڈاکٹر رفیع اللہ چکرئی، بشیر اچکزئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

سندھ میں پولیو وائرس کے خاتمے کی جدوجہد میں اہم پیش رفت

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ماحولیاتی نمونوں کے نتائج میں نمایاں بہتری آئی ہے جس میں (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

کراچی، آج موسم گرم و مرطوب، مختلف علاقوں میں بوندا باندی کا امکان

کراچی (این این آئی) محکمہ موسمیات نے شہر میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیش (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی نے انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر دیا

ایل اے 17 باغ 4، حویلی سے فیصل ممتاز راٹھور، ایل اے 41 ویلی 2، لاہور سے غلام عباس میر امیدوار نامزد

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے لیے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ ترجمان کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی نے ایل اے 1 میر پور 1 سے افسر شاہد، ایل اے 2 میر پور 2، چکسواری سے قاسم (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی آزاد کشمیر کے دو انتخابی حلقوں کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ آفس نمبر3 دشت پلازہ نزد بے نظیر پل اسپنی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ ایڈیٹر، ریاض احمد
فون نمبر 0302-3883702 اسلام آباد بیورو 0300-9731623

پاکستان امن کے علمبردار۔۔۔۔۔۔۔۔

وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے ملک کے خلاف دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنانے کے آہنی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان آج دنیا میں امن کے علمبردار کا کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان کی پرخلوص ثالثی کاوشوں کے نتیجے میں امریکا اور ایران کے درمیان تاریخی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ دشمن ہمارے امن اور استحکام کو نقصان پہنچانے کے لیے بزدلانہ ہتھکنڈے اور اپنی پراکسیوں کا استعمال کر رہا ہے، جبکہ مسلح افواج غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کی لعنت کے خاتمے کے لیے کوشاں ہیں اور پوری قوم اپنی بہادر مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاکستان تمام تصفیہ طلب مسائل کے حل کے لیے امن، بات چیت اور سفارت کاری کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال نے عالمی معیشت اور بین الاقوامی سپلائی چین کے لیے میری ٹائم سکیورٹی کی اہمیت کو پہلے سے زیادہ اجاگر کیا ہے۔ آج آزادانہ بحری آمدورفت اور جہاز رانی کی آزادی پوری دنیا کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ حکومت پاک بحریہ کو مزید مضبوط، موثر اور جدید دفاعی فورس بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ پاکستان نیول اکیڈمی پی این ایس رہبر میں 125 مڈشپ مین اور 33 ویں شارٹ سروس کمیشن کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

انتخاب۔۔غزل سائل

وہ ایک پل کو ملا دے گیا ہے آنکھ میں خواب
اندھیرے تھام لیے اور لیا ہے آنکھ میں خواب
بچھڑ کے تجھ سے میں زندہ ہوں دیکھ میرے یار
سلگتی آگ میں جلتا رہا ہے آنکھ میں خواب
میں دوسروں کی بھی ہر درد کو سمجھتا ہوں
کہ اپنے آپ میں محسوس کیا ہے آنکھ میں خواب
بھٹک رہا ہے جو اپنوں میں اجنبی بن کر
بتائے کیسے کہ کیسے سیا ہے آنکھ میں خواب
کوئی سمجھ نہ سکا تجھ کو کیوں یہاں سائل
رہے ہیں واہمے میں ہم جیا ہے آنکھ میں خواب

منتخب غزل۔۔۔تسنیم صنم

ہمسری قیس کی کہتے ہو کہ انی کب ہے
تم نے یہ خاک ابھی ٹھیک سے چھانی کب ہے
اس کا ہر فیصلہ ہوتا ہے بہر طور اپنا
دل نے اے دوست کسی اور کی مانی کب ہے
تم کو یہ بات سمجھنے میں بڑی دیر لگی
زندگی ایک حقیقت ہے کہانی کب ہے
ہم تو دھوکا بھی دوا جان کے کھا لیتے ہیں
چوٹ بھی کھا لیں مگر ہم نے یہ کھانی کب ہے
اب یہ بچوں کو سکھانا نہیں پڑتا گھر میں
کب کہاں بات چھپانی ہے بتانی کب ہے
ٹھان لیتے تو نہ اتی کوئی مشکل اپ پر
بات تو سچ ہے مگر ہم نے بھی ٹھانی کب ہے
تیرے اشعار صنم ہوں گے بہت ہی عمدہ
ان میں لیکن تیرے اشکوں سی روانی کب ہے



حسنین نازش کے نئے سفرنامے 100 "دن امریکا میں" کی تقریبِ رونمائی

راولپنڈی۔ ممتاز مصنف اور ادیب حسنین نازش کے تازہ ترین سفرنامے "100 دن امریکا میں" کی ایک پروقار تقریبِ رونمائی آج پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی میں منعقد ہوئی۔ یہ تقریب ادبی تنظیم 'قلم قافلہ پاکستان اور پنجاب آرٹس کونسل کے اشتراک سے منعقد کی گئی، جس میں ادبی شخصیات، دانشوروں اور کتاب دوستوں کی

ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔
اس پروقار تقریب کی صدارت معروف اسکالر اور دانشور ڈاکٹر مقصود جعفری نے کی. مہمانانِ خاص ڈاکٹر نثار ترابی اور ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی تھے. مہمانانِ اعزاز حمید قیصر، آغا قیصر عباس اور فرخندہ شمیم، جبکہ مصنف کے قریبی دوست ناظم غوری نے کتاب اور مصنف پر اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ پروگرام کی نظامت کے فرائض معروف اسکالر، شاعر اور کالم نگار نیّر سرحدی نے انجام دیے۔
مقررین نے حسنین نازش کی ادبی خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا 100 "دن امریکا میں" محض ایک سفر کا احوال نہیں، بلکہ امریکی معاشرے کا ایک گہرا ثقافتی اور سماجی مشاہدہ ہے۔
ڈاکٹر مقصود جعفری (صدرِ مجلس) نے اپنے خطاب میں مصنف کی باریک بینی کی تعریف کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایک بہترین سفرنامہ مختلف ثقافتوں کے درمیان دوریوں کو مٹاتا ہے، اور نازش نے اپنے مشرقی زاویۂ نگاہ کو برقرار رکھتے ہوئے امریکی طرزِ زندگی، طرزِ حکومت اور وہاں کے تنوع کو انتہائی مہارت سے قلمبند کیا ہے۔
ڈاکٹر نثار ترابی (مہمانِ خصوصی) نے کتاب کے فنی کام کو سراہا اور نتیجہ اخذ کیا کہ یہ سفرنامہ حالیہ دور کے سفرناموں میں ایک بڑا اور اہم اضافہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مری کی دھرتی نے اردو سفرنامے کی تاریخ میں بڑے نام پیدا کیے ہیں اور حسنین نازش ان میں ایک ممتاز ادیب ہیں۔
فرخندہ شمیم، پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی، حمید قیصر، آغا قیصر عباس اور نیّر سرحدی نے بھی کتاب پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نازش کا اسلوبِ تحریر دلچسپ، سلیس اور فکری طور پر متحرک ہے، جسے پڑھ کر قاری کو یوں محسوس ہوتا ہے جیسے وہ خود مصنف کے ساتھ سفر کر رہا ہو۔
'قلم قافلہ اور پنجاب آرٹس کونسل کے نمائندوں نے مقامی ادیبوں اور دانشوروں کو مسلسل ایک پلیٹ فارم مہیا کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ ادب معاشرے کی تربیت اور بین الاقوامی ہم آہنگی کو فروغ دینے میں ایک حیاتیاتی کردار ادا کرتا ہے۔
"ایک سفرنامہ لکھنے کے لیے تجسس اور ایمانداری کا ایک انوکھا امتزاج درکار ہوتا ہے۔ حسنین نازش نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ ان دونوں خوبیوں سے مالا مال ہیں۔"
مصنف نے تقریب میں بطور مہمان اور نقاد شرکت کرنے والے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے امریکہ میں قیام کے دوران پیش آنے والے اپنے چند اہم ترین واقعات بھی سامعین کے ساتھ شیئر کیے۔
تقریب کے اختتام پر "100 دن امریکا میں" کی باقاعدہ نقاب کشائی کی گئی۔ اس اہم ادبی اجتماع میں شہر کے نامور اہلِ علم و دانش نے بھرپور شرکت کی۔

خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران اور بزم صائم ادبیات کے زیر اہتمام محفل مسلمہ و مجلس مرثیہ کا اہتمام





رپورٹ۔ احمد وقاص کاشی۔خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران اور بزم صائم ادبیات کے زیر اہتمام محفل مسلمہ و مجلس مرثیہ برپا کی گئی۔
تقریب کے پہلے حصے میں بلوچستان کے نامور شعرائے کرام نے امام علی مقام کے حضور نذرانہ عقیدت پیش کیا۔
تقریب میں جناب سرور جاوید، استاد اعجاز امر، پروفیسر رشید حسرت، محمود احمد محور، محترمہ تسنیم صنم محترم جہانگیر کاوش، محترم کامران قمر، محترم کامران باصر، محترم علی یثم، محترم سلام عاصی محترم احمد وقاص کاشی، محترم مبارک زکی محترم ذوالفقار رضا، محترم بقا محمد بقا، جناب عجب خان سائل، محترم شاہ محمد شان، محترمہ حمیدہ مونس، محترم حسنین ساحر محترم عیسی رسولی، محترمہ نرگس ندیم محترم، اکبر ساسولی اور دیگر نے شرکت کی۔
تقریب کے پہلے حصے میں شعرائے کرام نے بارگاہ امامت میں سلام پیش کیے۔
جبکہ تقریب کے دوسرے حصے میں استاد اعجاز امر نے مرثیہ نو تصنیف باعنوان راز پیش کیا۔ یہاں یہ بات واضح رہے کہ کوئٹہ شہر میں گزشتہ تین دہائیوں سے مرثیے کی محفل کا انعقاد نہیں کیا جا رہا تھا۔ اور بظاہر یوں لگتا ہے کہ کوئٹہ میں 21 ویں صدی کی یہ پہلی محفل تھی جس میں مرثیہ پیش کیا گیا۔
تقریب کے اختتام پر ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران جناب ابوالحسن میری نے شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں کا ذکر کرتے ہوئے امام علی مقام کی ان قربانیوں کو اسلام کی بقا قرار دیا۔ تقریب کی نظامت معروف شاعر احمد وقاص کاشی نے کی۔

کتاب آنکھوں میں سوغات

شاعری پروفیسر رشید حسرت۔قلم کار سفر ندیم زہری



جب بھی کسی اجنبی شخص کے سامنے حاظرانہ یا غائبانہ طور پر بلوچستان کا نام لیا جائے تو اس کی آنکھوں میں وادی بولان زیارت کے خوبصورت دلکش مناظر بلند بالا سنگلاخ پہاڑی چوٹیاں بنجر بھوک افلاس خون آلود فضا قتل وحشت بارود کی بدبو نفرت لسانی زبانیت کی منظر کشی کو ذہن دماغ آنکھوں میں بسا کر سہم جاتا ہے
اور یہ وہ منظر کشی ہیں جن کے گرداب میں حقیقی طور پر آجکل بلوچستان گھیرا ہوا ہے
اور اللہ تعالیٰ کے حضور اس بدامنی کی ماحول میں اہلیان بلوچستان بہت جلد امن کے کبوتر فاختہ تتلی اڑتے ہوئے دیکھنے کا آس لگائے بیٹھے ہیں
بلوچستان ہماری مادری وطن سرزمین شہہ رگ کی حیثیت رکھتی ہے ہمارے آباؤ اجداد اسی مٹی کے آغوش میں پیدا ہوئے بڑے ہوئے اور اسی سوہنی خوشبو دار مٹی کے آغوش میں سپرد خاک ہوئے اور ایک نا ایک دن ہم بھی اس وطن کی ماں کی آغوش میں تا قیامت گہری نیند سو کر درد و غم رنج الم بدبودار ازہانوں سے پرسکون ماحول میں ابدی نیند کا مزہ لیتے رہیں گے
اس مٹی کی کرامت یہ ہیکہ یہاں کے لالہ گل کے گواڑخ کے پھول خون اور باران رحمت کا مشترکہ پانی پی کر ہفت رنگی قوس قزاح بلسمی رنگ میں اپنی آنکھیں کو نیلیں کھولتی ہیں
اور ہمیں احساس دلاتے ہیں کہ اس سرزمین نے کئی بھوک افلاس کیساتھ ساتھ سکندر اعظم جیسے جنرل ڈائر جیسے انقلابی خونی ادوار کے چھینٹے اپنے ماتھے پر در و دیوار پر سڑکوں پر نقش چھوڑے ہیں
اور اس مٹی کی خوشبو میں اردو براہوئی بلوچی پشتو ہزارگی سرائیکی سندھی زبان کی ادبی خدمات کو نچوڑا جائے تو کسی غالب میر سے کم ادبی خدمات شخصیات کے حوالے سے بلوچستان کی سرزمین کسی سے کم شاعر پیدا نہیں کیا ہوگا بلکہ اس نے گل خان اڈات جمالدینی گل خان نصیر عطا شاد۔ ملک داد قلاتی عرفان الحق صائم پروفیسر رشید حسرت جیسے بیشمار ادیب دانشور اپنی کوک سے جنم دے چکی ہے
اردو کے موجودہ بلوچستانی شعرائے کرام میں پروفیسر رشید حسرت کی شاعری ایک الگ امتزاج کی حیثیت رکھتی ہے
پروفیسر رشید حسرت سے میری پہلی ملاقات بزم وارثیہ جیکب آباد سندھ کے سالانہ محفل نعتیہ مشاعرے میں ہوا اور متعارف ہونے کے بعد انکی شخصیت علمی و ادبی حوالے سے پہلے سے جانکاری بلوچستانی ہونے کی حیثیت سے تو تھا مگر ان سے ملاقات کے بعد گفت شنید سے علم و ادب شعر شاعری زبان سے نکلنے والا ہر حرف برزبان بلوچستانی ثقافت بلوچستانی مٹی کی خوشبو لالہ گل گواڑخ کے پھولوں کی طرح دل دماغ کو کب شیریں مدہم لہجے کی طرز انداز میں اپنی شخصیت علمی و ادب شاعری کی حصار میں
پلو یڑ گھانٹ لگانے میں کوئی کسر نہ چھوڑا
پروفیسر رشید حسرت بلوچستان کے نصیر آباد ڈویژن درہ بولان کے سنگم پر 16 جون 1962 کو ضلع کچھی کے شہر (مٹھڑی) میں پیدا ہوئے جو کہ انکا آبائی علاقہ ہے اور مٹھڑی شہر بلوچستان کا نامور قبیلہ رئیسانڑی قبیلے کا دوسرا گھر مسکن گاہ کی حیثیت رکھتا ہے اور پروفیسر رشید حسرت کا تعلق بھی اسی رئیسانڑی قبیلے سے ہے
وہ ایک ملنسار دور اندیش سادہ طبعیت عاجزانہ صفات کے پیکر کے مالک ہیں
میٹرک کیبعد وہ سرکاری طور پر کلرک کی حیثیت سے ملازمت کرتے رہے پھر استعفی دیکر سول سیکرٹریٹ میں بطور پہلے اسٹینو گرافر بھرتی ہوئے اور 1995 میں ایم اے اردو کی ڈگری لینے کے بعد پروفیسر لیکچرار کی حیثیت سے مختلف کالجز میں اردو درس تدریس دیتے رہے اور 27 سال بعد بطور لیکچرار ایسوسی ایٹ پروفیسر کی حیثیت سے اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے
بطور اردو براھوئی زبان میں اپنی شاعری کا آغاز 1981 سے شروع کیا
اور بلوچستان کے علمی و ادبی حوالے سے ایک معتبر شاعر کی حیثیت سے پہچانے جاتے ہیں اور انکی صفت درویشی عاجزی نے انھیں دیگر ٹھاٹ بھاٹ شعرائے سے اس لیے بھی معتبر نمایاں کر دیتی ہے کہ۔شاعر ہمیشہ عاجزی کی صفت میں صحبت میں پلے بڑے ہوتے ہیں
اور بلوچستان میں عاجزانہ علم و ادب کے محور ستاروں کو اہلیان بلوچستان کے عوام بہت پسند کرتے ہیں اور یہی صفت درویشانہ خاکسارانہ۔ دھیمے لہجے کے مالک پروفیسر رشید حسرت کے ساتھ شاعری کے علاوہ خدائیداد صلاحیتوں کا خزانہ موجود ہے
پروفیسر رشید حسرت کی شاعری علمی و ادبی خدمات پر اور بلوچستان میں اردو ادب کو فروغ دینے اور ہم۔جیسے نو آموز شعرائے کرام طالعلموں کی رہنمائی اصلاح کے ساتھ الفاظ کے صوتی معنوی کیساتھ ساتھ علم۔عروض کے اوصاف صنعتیں سمجھانے اس حوالے سے فری فیس ہمہ تن خدمات قابل تحسین خراج عقیدت اور مبارکباد کے مستحق ہیں
اور بلوچستان میں اردو ادب کے حوالے سے انکی شاعری میں بلوچستانی تہذیب تمدن ثقافت مہرگڑھ کی تاریخ بلوچی براھوئی پشتو ہزارگی زبانوں کی ابتدائی مراحل اور فارسی زبان کی آمیزش کی شراکت داری کو بھی محسوس کیا جاسکتا ہے
انکی شاعری محض جذباتی اظہار یا جمالیاتی دروشم شکل میں نہیں بلکہ ایک محقق تحقیق بلکہ زبان کی مٹھاس شعور فکر کا مربوط نظام کی حیثیت سے فکری سنجیدگی بلوغت علم و ادب مشاہدات کو اس قریب سے پرکھنے کے برابر قلم۔کاغذ صفحہ قرطاس پر مبنی شاعری کا خوبصورت جامہ پہنانے کا فن ہنر انکی شاعری عام عوام الناس تک کی درد غم تکلیف کسمپرسی بدحالی معاشرے کے اندر طبقاتی جنگ تصادم کشت وخون کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر اور محسوس کر کے دل کی جذبات محرومیوں کو بشکل شاعر اپنی شاعری کی صورت عکس میں لانے والا شاعر کی منصب مراج پر زندہ شاعر کی حیثیت رکھتے ہیں
غیر ضروری ابہام تصنع سطحی جذبات سے پاک شاعری کے اوصاف انکی تمام مجموعات کلام میں دکھائی دیتے ہیں
ان کی شاعری کی انداز بیان میر غالب نہیں سہی مگر ان سے کسی صورت کم نہیں پروفیسر رشید حسرت کے لہجے میں ندرت دلی کیفیت کی سرور احساس تازگی اور اظہار میں ایک تاثیر پیدا کردہ بانکپن پایا جاتا ہے۔وہ جب بھی مشاعروں میں اپنا کلام سناتے ہیں چیخ چکار گلا پھاڑ شاعروں سے ہٹ کر اپنی عاجزانہ منفرد انداز دھیمے لہجے میں سنانے کا انداز اسے دیگر شعرائے سے الگ بردبار شعرائے کی صف میں شامل کرانے اور قد اور شخصیات میں شمار کراتی ہے
اگر شاعر اور شاعری کی بات کی جائے تو شاعر کے الفاظ کسی ریاستی سرحد زمین پر لگے سنگلاخ نوکیلی کانٹے دار باڑ سرحدوں کی محتاج نہیں ہوتیں بلکہ کسی بھی شاعر کے تخیل غزل ان سرحدی بندشوں کو بنا ویزے کے سیز فائر کے دوسرے ملک تک آنے جانے کا سلسلہ ازل سے رہی ہے
اگر ادب میں عشق محبت امن رواداری کی خلوص سچائی کے تتلی کبوتر فاختہ اڑتے دکھائی دیں تو یہ کبھی مٹھڑی سے پیار محبت کی لازوال محل تاج محل کی چوباروں کی سیر کرتے دکھائی دیتے ہیں اور کبھی ہندستان کی لکھنوی کاغذ دہلوی کاغذ کے سینوں پر بڑے پیار محبت سے سرخ خوبصورت حاشیوں تک مثل خوشبو اپنی خوشبو کے نقش چھوڑ دیتے ہیں
اور کبھی کبھار مہرگڑھ کی نوادرات تہذیب ثقافت رہن سہن وطن کی مٹی کو سرحد پار محسوس کروا کر دہلی کے گیٹ پر ایک تاریخ کو زندہ کرانے کی فن مہارت بھی پروفیسر رشید حسرت بخوبی جانتے ہیں اور وہاں تک اپنا علمی ادبی حوالے سے چراغ روشن کرتے اجنبی دیس کے لوگوں کو کبھی اجمیر شریف تو کبھی حاجی بابا اور کبھی بنارسی گلیوں میں اخبار جریدوں میں شعرائے کرام نے اپنی ہاتھوں میں لیے اسے پڑھا ہے اور اسے محسوس کیا ہے کہ غالب میر کی زبان دکن لکھنؤ سے بلوچستان کے شہر مٹھڑی تک کیسے پہونچ گئی ہوگی
پروفیسر رشید حسرت کی شاعری میں وہ تمام تر لوازمات اوزان شاعری میں خوبصورتی سے خوبصورت انداز میں شامل جڑے ہیں جو کہ شاعری کیلیے ضروری ہیں
ہمیں تو ظلم سہنے کے لیے بھیجا گیا شاید
جہاں تک دیکھ سکتے ہیں غریبی ہے مصیبت ہے۔
یہ وہ بازار ہے پر چیز بکتی ہے یہاں آکر
یہاں پر عدل بکتا ہے کہ رقاصد عدالت ہے
پروفیسر رشید حسرت کی شاعری میں ایک درد ایک پیغام چھپی ہوئی ہوتی ہے جو ایک فرد ایک شخص کی آواز لب دل سخن نہیں بلکہ ہم سب کی محرومیوں کا دکھ سسکتی ہوئی آواز جس پر ناانصافی کا گلے پر گویا قدم رکھا گیا ہو اس کیباوجود بھی وہ مظلومیت کی تاریخ لکھنے کے لیے سسک سسک کر لفظ تراشنے کی ہمت جتن حوصلا ڈھونڈنے میں مگن رہتا ہے
وہ محض بلوچستان میں اردو کے شاعر نہیں بلکہ۔ جہاں تک انکی سوچ وگمان نظر میں انسان انسانیت نظر آتی ہے پروفیسر رشید حسرت ایک انسان ایک طبقے کے نہیں بلکہ انسانیت کی جذبات کی قدردانی والے شاعر ہیں
زلفوں میں تیری پائے ہیں خم اور طرح کے
آنکھوں میں اتر آئے ہیں خم اور طرح کے
اگر جمالیاتی شاعری کی پہلو کی بات کی جائے تو رشید حسرت ویسے بھی عاجز درویش طبعیت کے مالک تو ہیں
وہ اس مٹی کے ہر زرے کی خوشبو کشید کرنے کا ہنر بھی رکھتے ہیں
درہ وادی بولان کی بہتی ندی پیر غائب کی آبشاروں کی ٹھنڈی لہراتی سرسبز چمنستان کے آنگن میں بیٹھ کر ہانل کی لوک داستان تشنہ لب آب گم میں پانی کی تلاش میں منظر کشی دوپاسی تیار غازی کے دربار پر منت کے دھاگے باندھ کر جمالیاتی اشعار کو کشف رقص میں وجد دلا کر لفظوں کی تخیل کرنا کوئی ان سے سیکھے
لفظوں کو بناوٹ سجاوٹ سنورنا بھی ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہے
انکے اشعار میں عشق محبت درد غم جدائی نالہ بلبل فریاد محبوب کی بے وفائی بیرخی مہر و محبت خلوص وفاداری ہمسفر ہمنشین بن کر چلنے کیساتھ ساتھ سماجی حالات بھی تہہ دل سے تہہ حالات گویا پہاڑوں میں رہنے والے مفلوج الحال زندگی کے مالک خانہ بدوشوں کی حالات زندگی پر بھی ان کی ترجمانی اشعار میں نظر آتی ہے
کیونکہ ایک شاعر اپنی سوچ وفکر سے مکمل سرزمین ایک ہمہ تن تمام طبقات کو اپنی مشاہدات میں لاکر انکی نمائندگی بشکل شعر شاعری اشعار کے کرتا دکھائی دیتا ہے
اللہ کرے کہ بلوچستان میں اردو ادب کو مزید رشید حسرت جیسے اعلی پایہ کے عاجز درویش خلوص نیت سے نوجوانوں کو ادب کی جانب رہنمائی علم عروض اصلاح کرنے کی بنا معاوضہ شعرا میسر کردے جو کہ اس ضعیفی میں بھی بلوچستان کے ہم جیسے سینکڑوں نوآموز شعراء نوجوانوں کے علاوہ پنجاب سندھ خیبر پختونخوا کے علاوہ پڑوسی ملک ہندستان کے شاعر شاعرہ بھی اپنی کلام موزوں کلام علم عروض کی سانچے میں ڈھالنے کیلیے پروفیسر رشید حسرت سے اصلاح لیتے ہیں
اور انشاللہ تعالیٰ انکی محنتوں کاوشوں سے بلوچستان میں ایک معتبر مدبر درویش شاعر انہی کی شاگردوں سے انھیں کی طرح مثل افق نمودار ہوگا۔
اور پروفیسر رشید حسرت کی طرح بچپن سے علم و ادب کی میدان میں قدم رکھنے سے پہلے متکبری کا چادر پھینک کر عاجزی کا پلو دامن تھاما ہوا ہے اللہ کرے گا ہمیں اسی طرح کا ایک اور رشید حسرت کی ضرورت ہے اور ہماری حسرت کو پوری کردی
اور پروفیسر رشید حسرت کی درازی عمر صحت تندرستی کے لیے ہم سب دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کا سایہ ہم پر دیر تک قائم دائم رکھے اور اس عاجز شاعر کی شاعری شہر کوئٹہ کی گلیوں میں سریاب کی گلیوں میں ہزارہ ٹاؤن میں محفل مشاعروں میں اردو ادب کو فروغ پاتے ہوئے دیکھیں۔

بقیہ 1

رینجرز کے ہیڈ کوارٹرز پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ بزدل دشمنوں کی کارروائی ہے جس کا مقصد ملک کو غیر مستحکم کرنا ہے۔انہوں نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے پے در پے واقعات کا مقصد ملک میں افراتفری پھیلانا ہے جسے پاکستانی قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مل کر ناکام بنائیں گے ۔اپنے بیان میں رینجرز ہیڈ کوارٹرز پر دہشت گردوں کے واقعہ کا بہادری سے مقابلہ کرنے پر رینجرز کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ رینجرز کے جوانوں نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے بھارت اور افغانستان حمایت یافتہ دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ایک بڑے سانحہ کو رونما ہونے سے بچایا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور زخمیوں کو جلد صحتیابی دے ۔میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشتگردوں کا آخری حد تک پیچھا کیا جائے گا اور انہیں جہنم واصل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے بزدلانہ حملے دہشت گردوں کی بزدلی کا ثبوت ہے اور یہ کارروائیاں پاکستان کے امن اور استحکام کو کبھی نقصان نہیں پہنچا سکتیں۔انہوں نے کہا دہشت گردی کے بزدلانہ واقعات کا مقصد سیاسی ومعاشی استحکام کی جانب پاکستان کو کمزور کرنا اور عدم استحکام کی جانب دھکیلنا ہے جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

بقیہ 2

سینٹر میں 4 ماہرین طلباء کو جدید ڈیجیٹل اور ای کامرس مہارتوں کی تربیت فراہم کر رہے ہیں۔منصوبہ کے تحت بلوچستان کے 150 سرکاری ونجی کالجز میں دسمبر 2026 تک ای کامرس لیبارٹریاں قائم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ بلوچستان کے 40 کالجز میں ای کامرس لیبارٹریاں مکمل یا تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ای کامرس لیبارٹریوں کے ذریعے بلوچستان کے تقریباً 15 ہزار گریجویٹس کو ہر سال روزگار کے مواقع ملیں گے۔ای کامرس لیبارٹریوں کا قیام بلوچستان میں ڈیجیٹل معیشت، ہنرمندی اور روزگار کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت ہے۔

بقیہ 3

گزارنے کے لئے ضروری ہے کہ اشرافیہ واسٹیٹس کو کے علمبردار بیوروکریسی ومافیا گٹھ جوڑ کے خلاف میدان عمل میں آنے کی ضرورت ہیں۔بلوچستان کے حالات اندازوں ورپوٹوں سے زیادہ خطرناک وپریشان کن ہے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری نورالدین علوئی وضلعی امیر عبدالحمید ناصر کے ہمراہ لورالائی کا چار روزہ دورے کے دوران مختلف تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔دورے کے دوران کلی شہوزئی پیر خدائے نظر مرحوم کے تعزیت کی گئی جبکہ عیادت امداد اکا بزرگ رکن برہمہ فاتحہ خوانی کلی وڈگام ولی زئی ملک حکیم خان مرحوم مبارک باد حاجی نورا خان اودوزئی، رکن جماعت اسلامی لورالائی عشائیہ واجد خان واجو علاقائی صورتحال اور تنظیم سازی پر غور کیا گیا۔مرکز اسلامی لورالائی وتعمیر نو سکولز میں ہنوز قابل عمل ٹیم کے ساتھ مل کر اجلاس ولائحہ عمل طے کیا گیا۔معذور رکن پروفیسر ظہور احمد کے گھر عیادت کی

بقیہ 4

طریقہ کار اور دستیاب سہولتوں کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ہدایات کے مطابق یہ عمل قانونی تقاضوں اور کسٹمز کی نگرانی میں انجام دیا جائے گا۔گوادر پرد کے مطابق گوادر بندرگاہ سے گبد سرحد تک فاصلہ تقریباً 87 کلومیٹر ہے، جو ایران تک مال برداری کے لیے مختصر ترین زمینی راستہ ہے۔ اس راہداری کے ذریعے ٹرانزٹ تجارت تمام متعلقہ قانونی، دستاویزی اور کسٹمز ضوابط کے مطابق کی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق چیئرمین گوادر پورٹ، نورالحق بلوچ نے کہا کہ سامان کی نقل وحمل کے لیے کسٹمز کی متعدد سہولتیں فراہم کی جائیں گی، جن میں ٹی آئی آر کارنیٹ (TIR Carnet)، سیکیورٹی کے ساتھ ٹرانزٹ گڈز ڈیٹا کیپچر (GD) اور کراس اسٹف طریقہ کار شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے تاجروں، درآمد کنندگان، ٹرانسپورٹرز، کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹس، اور گودام سازی و لاجسٹکس کے شعبے سے وابستہ کاروباری اداروں کے لیے نئے تجارتی مواقع پیدا ہوں گے

بقیہ 5

ہلال پٹی اور ہیڈ محرر سفیل خان نے ای آئی ایف ٹیم کے ہمراہ کاروائی کر کے مفرور ملزم ملہار ولد کشمیر قوم پھوگ پٹی سکنہ سوئی مقدمہ 2024/02 جرم زیر دفعہ 337H²،147،148،149 میں حسب ضابطہ گرفتار کیا جا کر مزید تفتیش کیلئے حوالہ پولیس تھانہ سٹی سوئی کیا گیا۔

بقیہ 6

انکے منطقی انجام تک پہنچایا، دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے رینجرز اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں قوم اپنے بہادر محافظوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کرے گی۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ کراچی میں رینجرز کے کیمپ پر دہشتگردانہ حملہ ملک دشمن عناصر کی مذموم سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے دہشتگرد حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور حملہ کے نتیجے میں رینجرز کے اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ شہدا نے دہشت گردوں کا جوانمردی اور بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہادت کا عظیم رتبہ حاصل کیا اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ایک بڑے سانحے اور ممکنہ تباہی کو روکا۔

بقیہ 7

انعقاد کیا گیا، جس میں ظہیر احمد عمرانی، ثمن علی سولنگی، سکندر علی کھوسہ، سلیم مہرانی، خاوند بخش مجھو، محبوب علی رند سید سجاد شاہ مہر حفیظ پرکانی سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔کھلی کچہری کے دوران علاقہ مکینوں اور معتبرین نے ریچ کینال میں پانی کی قلت، امن وامان کی بحالی، ڈیرہ رحمان جمالی۔قومی شاہراہ کی خستہ حالی اور دیگر بنیادی مسائل سے انتظامیہ کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوامی مسائل کو براہ راست سن کر ان کے مؤثر اور دیرپا حل کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ حکومتی احکامات کے مطابق عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور جن مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے، انہیں ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ محکموں کے ساتھ اٹھایا جائے گا

بقیہ 8

ہوئے اسے بزدلانہ اور قابلِ نفرت کارروائی قرار دیا ہے۔اپنے بیان میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور امن واستحکام کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے اور پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہے۔سید الیاس خان ناصر نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردی کے واقعہ کا بہادری سے مقابلہ کرنے پر رینجرز کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ رینجرز کے جوانوں نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت اور موثر کارروائی کے ذریعے بھارت اور افغانستان حمایت یافتہ دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور ایک بڑے سانحہ کو رونما ہونے سے بچایا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور زخمیوں کو جلد صحتیابی دے ۔میر علی حسن زہری نے کہا کہ دہشتگردوں کا آخری حد تک پیچھا کیا جائے گا اور انہیں جہنم واصل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے بزدلانہ حملے دہشت گردوں کی بزدلی کا ثبوت ہے اور یہ کارروائیاں پاکستان کے امن اور استحکام کو کبھی نقصان نہیں پہنچا سکتیں۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے۔انہوں نے حکومت سے ہنگامی بنیادوں پر جامع ریلیف پیکج کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ ژالہ باری اور موسلا دھار بارشوں نے باغات، کھڑی فصلوں، سبزیوں اور پھلوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس سے ہزاروں زمینداروں کی سال بھر کی محنت ضائع ہو گئی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں زمیندار ایکشن کمیٹی کے رہنماں نے کہا کہ پانی کی قلت، موسمیاتی تبدیلیوں، مہنگی زرعی اشیا، بجلی کے بڑھتے ہوئے نرخ اور پیداواری لاگت میں اضافے نے زمینداروں کو پہلے ہی مالی مشکلات سے دوچار کر رکھا تھا، اور اب اس قدرتی آفت نے زرعی شعبے کو مزید تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے

بقیہ 9

خضدار، نال، وڈھ اور دیگر اضلاع میں حالیہ طوفانی بارشوں اور شدید ژالہ باری سے ہونے والے بڑے پیمانے پر زرعی نقصانات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے۔اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں، ڈی ایچ او ہرنائی نے سول ڈسپنسری پیپن جنگی کا سرپرائز وزٹ کیا۔ وہاں موجود مریضوں اور ان کے لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے ڈسپنسری میں ملٹے والی طبی سہولیات اور عملے کے رویے کے بارے میں دریافت کیا۔ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل نے ڈسپنسری میں ادویات کے اسٹاک اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 10

سہولیات کے حصول میں سخت دشواریوں کا سامنا ہے مقامی صارفین کے مطابق پی ٹی سی ایل کی ٹیلیفون لائنیں اکثر اوقات گھنٹوں بلکہ کئی کئی دن بند رہتی ہیں، جبکہ خرابی کی شکایت درج کرانے کے باوجود بروقت ازالہ نہیں کیا جاتا صارفین کا کہنا ہے کہ متعلقہ عملہ نہ تو دفاتر میں دستیاب ہوتا ہے اور نہ ہی رابطہ نمبروں پر کالیں وصول کرنے کی زحمت کرتا ہے، جس سے عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے شہری حلقوں نے کہا ہے کہ پی ٹی سی ایل جیسا اہم ادارہ عوام کو معیاری اور بلاتعطل مواصلاتی سہولیات فراہم کرنے کا پابند ہے، مگر بسمہ میں اس کی کارکردگی انتہائی مایوس کن ہو چکی ہے۔کاروباری افراد، سرکاری دفاتر، طلبہ اور عام صارفین اس صورتحال سے بری طرح متاثر ہو رہے ہیں عوامی وسماجی حلقوں نے پی ٹی سی ایل کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بسمہ میں ٹیلیفون اور انٹرنیٹ سروس کی مسلسل خرابیوں کا فوری نوٹس لیا جائے

بقیہ 11

بروقت ومؤثر حل کو یقینی بنانے کے مقصد سے ضلع ہرنائی کے دور افتادہ علاقے تین جنگی میں ایک گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی کی سربراہی میں منعقدہ اس کھلی کچہری میں ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تمام اہم سرکاری محکموں کے سربراہان نے تفصیلی شرکت کی تاکہ عوام کو درپیش مشکلات کا موقع پر ہی ازالہ کیا جاسکے۔اس اہم اور بڑے عوامی اجتماع میں سیکیورٹی اور انتظامی محکموں کے افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء میں ونگ کمانڈر 155 ونگ، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) ہرنائی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او)، اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) سمیت مختلف سرکاری محکموں کے ضلعی افسران شامل تھے۔اس موقع پر علاقے کے معزز قبائلی عمائدین، معروف سیاسی وسماجی شخصیات، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور سینئر تنگی و گردونواح کے شہریوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے مطالبات انتظامیہ کے سامنے رکھے کھلی کچہری کے دوران شہریوں اور عمائدین نے علاقے کو درپیش مختلف نوعیت کے بنیادی مسائل سے حکام کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا

بقیہ 12

ایک ناپاک کوشش ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان میں حالیہ دہشت گردی کی لہر کا مقصد ملک میں انتشار پھیلانا ہے، لیکن دشمن یہ بھول گیا ہے کہ غیور پاکستانی قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے ساتھ متحد کھڑی ہے اور ایسی ہر سازش کو ناکام بنا کر رہے گی۔ سینیٹر شمینہ ممتاز زہری نے رینجرز ہیڈ کوارٹرز پر حملے کو انتہائی دلیری سے ناکام بنانے پر رینجرز کے جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ رینجرز کے غازیوں نے اپنی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور فوری کارروائی کے ذریعے بھارت اور افغان پشت پناہی حاصل کرنے والے سفاک دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا اور شہر کو ایک بہت بڑی تباہی سے بچا لیا۔ سینیٹر نے واقعے میں شہید ہونے والے جوانوں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری مسلح افواج اور سیکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں تاریخ کا وہ سنہرا باب ہیں

بقیہ 13

عمارتوں کی بحالی اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ متعلقہ حکام کے مطابق جاری ترقیاتی اسکیموں کی بروقت تکمیل سے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات، صاف ستھرا ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔عوامی وسماجی حلقوں نے ترقیاتی کاموں کی رفتار کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ منصوبے مقررہ مدت میں مکمل ہوں گے، جس سے علاقے کی پسماندگی کے خاتمے اور عوامی مسائل کے حل میں مدد ملے گی۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانیاں پیدا ہوں گی بلکہ علاقے میں معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا

بقیہ 14

جانے والی طبی سہولیات کے معیار کو جانچنا، ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانا اور ڈیوٹی پر موجود عملے کی حاضری کا معائنہ کرنا تھا۔ دورے کے دوران ڈی ایچ او نے فرائض میں غفلت برتنے والے اور غیر حاضر عملے کے خلاف سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے موقع پر ہی تادیبی کارروائی کے احکامات جاری کر دیے۔ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ہرنائی ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل نے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں سول ڈسپنسری میاں چ کا رخ کیا۔انہوں نے ڈسپنسری کے مختلف شعبوں، بشمول او پی ڈی، فارمیسی اور اسٹور روم کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈی ایچ او نے حاضری رجسٹر کی خود پڑتال کی اور بعض ملازمین کی غیر حاضری پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔انہوں نے واضح کیا کہ دکھی انسانیت کی خدمت میں کسی بھی قسم کی سستی یا لاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے موقع پر موجود انچارج کو ہدایت کی کہ مریضوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے اور ادویات کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں، ڈی ایچ او ہرنائی نے سول ڈسپنسری پیپن جنگی کا سرپرائز وزٹ کیا۔ وہاں موجود مریضوں اور ان کے لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے ڈسپنسری میں ملٹے والی طبی سہولیات اور عملے کے رویے کے بارے میں دریافت کیا۔ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل نے ڈسپنسری میں ادویات کے اسٹاک اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 15

کاراگ الاپ رہے ہیں، صوبے کی سیاسی، قوم پرست، مذہب پرست سیاسی جماعتوں اور قبائلی مشران کو حالات کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بصورت دیگر صوبے کو تباہی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ اسوقت پورا بلوچستان بدامنی کی لپیٹ میں قومی شاہراہوں پر سفر کرنا مشکل ہو چکا ہے اور شہر میں دن دہاڑے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو قتل کیا جارہا ہے لیکن پوچھنے والا کوئی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی خراب صورتحال پر قوم پرست ومذہبی جماعتوں کی خاموشی بھی معنی خیز ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اپنی قبائلی روایات تھیں جنہیں آج پاؤں تلے روندا جارہا ہے اور انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہے

بقیہ 16

بوجھ برقرار رکھے ہوئے ہے، جو انتہائی افسوسناک اور عوام دشمن طرز عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر تیل سستا ہونے کے باوجود پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی بلند قیمتیں برقرار رکھنا ناقابل قبول ہے۔حکومت کو چاہیے کہ وہ عالمی منڈی کے مطابق فوری طور پر پٹرول، ڈیزل اور دیگر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرے تاکہ مہنگائی کے ستائے ہوئے عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔ موجودہ صورتحال میں پٹرولیم مصنوعات کی مہنگی قیمتوں نے ٹرانسپورٹ، اشیائے خورونوش اور روزمرہ استعمال کی تمام بنیادی ضروریات کو عوام کی پہنچ سے دور کر دیا ہے۔

بقیہ 17

۔انہوں نے کہا کہ جولائی کے مہینے میں جاگلی بارڈر کراسنگ پوائنٹ سے باقاعدہ سرحدی تجارتی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا جائے گا، جبکہ اس سلسلے میں چند تکنیکی امور کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل ہلال سرفراز کی بھرپور کاوشوں سے ایرانی حکام کے ساتھ مذاکرات کامیابی سے مکمل ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ پیچ اور ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) باہمی تعاون سے باقی ماندہ تکنیکی معاملات کو جلد مکمل کر رہے ہیں، جن کی تکمیل کے فوراً بعد جاگلی بارڈر کراسنگ پوائنٹ کو تجارت کے لیے فعال کر دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے بارڈر کی بندش کے باعث ضلع کیچ کے عوام کو شدید معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد بارڈر کی بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر لیا گیا اور مسلسل کوششوں کے نتیجے میں ایرانی حکام جاگلی کراسنگ پوائنٹ کھولنے پر رضامند ہو گئے ہیں۔انہوں نے اس پیش رفت کو عوام اور مقامی معیشت کے لیے خوش آئند قرار دیا۔یاسر اقبال دشتی نے بتایا کہ سوراپ بارڈر کراسنگ پوائنٹ اس وقت فعال ہے

بقیہ 18

حسین، وارث علی، بلال احمد، محمد یوسف، زاہد علی، مرلنشی، سمیر، اکبر علی، نور بخش، محمد اسحاق، عبدالحکیم، خالد اور امجد علی شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ 7 جون کو نامعلوم مسلح افراد نے پولیس اسٹیشن سنگسر پر حملہ کیا تھا، جس کے دوران مسلح افراد تھانے سے اسلحہ اور دیگر سرکاری سامان لوٹ کر فرار ہوئے تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق حملے کے بعد حملہ آور آسانی سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تھے۔

بقیہ 19

سے عدالت میں اپیل زیر سماعت تھی، جس پر جاری عدالتی احکامات کے مطابق دکانیں خالی کرانے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔دوسری جانب متاثرہ دکانداروں کا کہنا ہے کہ وہ باقاعدگی سے وقت پر دکانوں کا کرایہ ادا کرتے رہے ہیں، اس کے باوجود ان کی دکانیں سیل کر کے ان کے روزگار کا ذریعہ بند کر دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے وہ اپنے اہلِ خانہ سمیت شدید مالی مشکلات اور بے روزگاری کا شکار ہو گئے ہیں

بقیہ 20

نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پاکستان کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور پوری قوم ایک صفحے پر ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کار اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور ریاست پوری قوت کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور دہشت گردی کے ہر منصوبے کو آہنی عزم، قومی اتحاد اور مؤثر حکمتِ عملی کے ذریعے ناکام بنایا جائے گا۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردی کے خلاف قومی بیانیے، ریاستی پالیسی اور سیکیورٹی فورسز کی ہر ممکن حمایت جاری رکھے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کا امن، استحکام اور سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد پوری قوت سے جاری رہے گی۔

بقیہ 21

کی سیاست کا محور ہمیشہ عوام کی خدمت، فلاح و بہبود اور محروم طبقات کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور قیادت کے وژن کے مطابق بلوچستان حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور خوشحال معاشرے کے قیام کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہیں۔وہاں موجود مریضوں اور ان کے لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے ڈسپنسری میں ملٹے والی سہولیات اور عملے کے رویے کے بارے میں دریافت کیا۔ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل نے ڈسپنسری میں ادویات کے اسٹاک اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ 22

اور دیگر رہنماؤں نے ضلع زیارت میں تبلیغی جماعت کے اراکین پر ہونے والے مبینہ دہشت گرد حملے اور دشت کے قریب کراچی سے تعلق رکھنے والے مسافر خاندان پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے، پرامن اور دینی خدمت میں مصروف افراد کو نشانہ بنانا ایک گھناؤنا اور بزدلانہ عمل ہے، جو صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور حکومتی ناکامی کی واضح عکاسی کرتا ہے انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ریاست اور حکومت کی اولین ذمہ داری ہے لیکن بدقسمتی سے بلوچستان میں دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ اور مسافروں پر حملوں کے پے در پے واقعات نے عوام میں شدید بے چینی اور عدم تحفظ کو جنم دیا ہے۔اگر حکومت شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام رہے تو اس کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھنا فطری امر ہے۔

بقیہ 23

اجاگر کرنا تھا۔تقریب میں ڈپٹی ڈی ایچ او خاران ڈاکٹر چاکر انور، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی نور احمد کہدانی، احترام الحق کہدانی، اصغر صفی (ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر)، حمایت اللہ دوستین، نازنین مینگل (ڈی ایس او خاران)، گل پل (ایل ایچ ایس) اور گل جان (ایل ایچ ایس) سمیت محکمہ صحت کے افسران، عملے اور دیگر شرکاء نے شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ بچوں کی پرورش صرف خوراک فراہم کرنے تک محدود نہیں بلکہ محبت، توجہ، متوازن غذائیت، معیاری تعلیم، بہتر صحت، کھیل کود، تحفظ اور بہترین اخلاقی تربیت بھی ایک صحت مند اور کامیاب شخصیت کی تشکیل کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین اگر ان تمام پہلوؤں پر یکساں توجہ دیں تو بچوں کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی نشوونما بہتر انداز میں ہوتی ہے، جس سے وہ مستقبل میں معاشرے کے ذمہ دار، باصلاحیت اور مفید شہری بن کر ملک وقوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کی ہمہ جہت نشوونما کے لیے گھر کا مثبت ماحول، والدین کی بھرپور توجہ اور متوازن غذائیت بنیادی اہمیت رکھتے ہیں

بقیہ 24

زہری کو اپنے اجتماعی وانفرادی مسائل کے حوالے سے آگاہی دی۔جبکہ اس موقع پر میر یونس عزیز زہری نے ہر ایک سے فرداً فرداً خصوصی ملاقات کرتے ہوئے ان کے مسائل سنے اور متعلقہ اداروں سے رابطہ کرتے ہوئے ان کو فوری طور پر حل کرنے کا حکم صادر فرمایا اور دیگر مسائل کو مکمل طور پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقاتیں نہایت خوشگوار ماحول میں منعقد ہوتی رہیں، خضدار کے عوام نے اپنے نمائندے کو اپنے درمیان دیکھ کر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے میر صاحب کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور عوام کے مسائل کو سنجیدگی سے سنتے ہوئے ان کو حل کرنے پر میر صاحب کا شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ 25

زری ٹیوب ویل کو چلانے کے لیے صرف سولر سسٹم پر انحصار کر رہے تھے۔اب طوفانی بارش اور آندھی میں سولر پلیٹیں بھی تباہ ہو جانے کے بعد ان کے پاس آبپاشی کا کوئی متبادل ذریعہ نہیں رہا، جس سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچنے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ متاثرہ زمینداروں نے ضلعی انتظامیہ خضدار اور صوبائی حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے نقصانات کا فوری سروے کرایا جائے

بقیہ 26

فورسز حکومت وادارے ہیں۔کب تک حقیقت کے برخلاف سب ٹھیک ہے ومذمت اور جھوٹے وعدوں پر عوام کو ورغلاتے رہیں گے۔فارم 47 کی مرضی کی حکومت، انصاف فراہم کرنے والے ادارے ومیڈیا سب کنٹرول میں رکھنے کے باوجود عوام کی جان ومال محفوظ نہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر وکراچی میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان مقتل گاہ بن گیا حالات اندازوں ورپورٹس سے بہت زیادہ خراب ہیں۔خون آلود بلوچستان، بدامنی کے روزانہ واقعات اور موجودہ پریشان صورتحال میں بھی اسلام آباد کے حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں بلوچستان کے عوام امن کس سے مانگے؟ گلہ کس سے کریں؟ ذمہ دار کون ہیں؟ بلوچستان میں ایک ہی دن تین بڑے سانحات تاجر قتل، سیاح قتل، تبلیغی جماعت پر فائرنگ۔ کسی کا قاتل منظر عام پر نہیں آیا۔

بقیہ 27

متاثرین کو ہر ممکن امداد اور سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری میں آنے والے زلزلے سے متاثرہ خاندانوں کی مشکلات کا حکومت کو مکمل احساس ہے اور متاثرین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ان کی ہدایات پر ریلیف کمشنر و ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نے زلزلہ متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں نقصانات کا جائزہ لینے کے ساتھ متاثرہ خاندانوں میں امدادی سامان بھی تقسیم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین کی فوری امداد، بحالی اور ضروری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے میر سرفراز بگٹی نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ، پی ڈی ایم اے اور دیگر اداروں کو ہدایت کی کہ امدادی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے اور امدادی سامان کی تقسیم شفاف، بروقت اور بلاامتیاز یقینی بنائی جائے تاکہ ہر مستحق خاندان تک حکومتی امداد پہنچ سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے زلزلہ متاثرہ علاقوں کی صورتحال کی مسلسل نگرانی کریں

بقیہ 28

ملاقات کی ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، قومی امور اور باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر بلوچستان کی امن و امان کی موجودہ صورتحال اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے جاری اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں امن، استحکام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے صوبائی حکومت کے عزم سے آگاہ کیا اور کہا کہ حکومت دہشت گردی اور بدامنی کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے تحت مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے مولانا فضل الرحمان اور وزیراعلیٰ بلوچستان نے ملکی استحکام، سیاسی ہم آہنگی اور بلوچستان میں امن وترقی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 29

نے ملکی وزارت توانائی کے حوالے سے بتایا کہ ہیلی کاپٹر سعودی آئل کمپنی آرامکو کی ملکیت ہے اور حادثہ راس تنورہ میں آج اتوار کے روز پیش آیا۔سعودی میڈیا کے مطابق حادثے کے بعد امدادی ادارے فوری طور پر وہاں پہنچے اور اپنی کارروائیاں مکمل کیں، تحقیقاتی اداروں نے حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 30

دیا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تحقیقی خامنہ ای نے عدلیہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ سال سے ایران پر ہونے والے امریکی اور اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں ملک اور عوام کے متاثرہ حقوق کی بحالی کے لیے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر موثر قانونی کارروائی کی جائے۔ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ بعض امریکی اور اسرائیلی رہنماں کے بیان

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو معروف تاجر شہید محمد ہاشم خان نورزئی کی شہادت پر انکے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

رینجرز ہیڈ کوارٹر پر حملہ بزدل دشمنوں کی کارروائی ہے، میر علی حسن زہری

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز اور قوم کا عزم کم نہیں ہوگا

ملک دشمن عناصر پاکستان کے امن وترقی کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنا دیا جائیگا

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان اور سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں پاکستان (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی کراچی میں رینجر زکیمپ پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کراچی میں رینجرز کے کیمپ آفس پر ہونے والے دہشت (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

ڈی جی پی ڈی ایم اے کا وزیراعلیٰ کی ہدایت پر زلزلے سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

موسیٰ خیل (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان نے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خجک کے ہمراہ ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل کنگری کے زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کھجوری چھاپ اور غرندی کا تفصیلی دورہ کیا زلزلے سے متاثرہ مکانات کا جائزہ لیا اور متاثرہ زخمیوں کی عیادت کی

بلوچستان میں بااختیار نوجوان، ڈیجیٹل مہارتوں اور ای کامرس کے فروغ کا عمل تیزی سے جاری

ای کامرس لیبارٹریوں کے ذریعے بلوچستان کے تقریباً 15 ہزار گریجویٹس کو ہر سال روزگار کے مواقع ملیں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سوشیو اکنامک ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع سامنے آنے لگے۔ خاران رائفلو ڈیجیٹل اسکلز کاوش کے تحت بلوچستان کے علاقہ خاران میں ای کامرس آئی ٹی سینٹر قائم کر دیا گیا۔ خاران ای کامرس آئی ٹی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: سیٹلائیٹ ٹاؤن سابق ناظم ملک خدا بخش ابڑی علاقہ مکینوں خرم، احمد علی اور محمد حنیف کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بیڈ گورننس کے باعث نوجوانوں وخواتین کی زندگیاں محفوظ نہیں، عبدالمتین اخوزادہ

عام آدمی کی زندگی میں خوشحالی لانے کے لئے انصاف کے نظام میں اصلاحات ضروری ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کے صوبائی نائب امیر عبدالمتین اخوزادہ نے کہا کہ بیڈ گورننس کے باعث نوجوانوں وخواتین کی زندگیاں محفوظ نہیں ہیں بلکہ کمزور وناتواں انسان کے لئے زندگی اجیرن کردی گئی ہے نظام انصاف کو درست کرنے اور آرام وسکون کی زندگی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سیدال خان ناصر کی رینجر زکیمپ آفس پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

حکومت ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور امن واستحکام کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، ڈپٹی چیئرمین

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کراچی میں رینجرز کیمپ آفس پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

متاثرہ علاقوں کو آفت زدہ قرار دیا جائے، زمیندار ایکشن کمیٹی

حکومت فوری سروے کروا کر دو سال کے لیے زرعی ٹیکس معاف اور خصوصی امدادی پیکج کا اعلان کرے

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی، جنرل سیکریٹری حاجی عبدالرحمٰن بازئی اور ایگزیکٹو ممبران نے بلوچستان کے علاقوں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، ودیگر ہاشم نورزئی کی فاتحہ خوانی کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

موسیٰ خیل ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خجک تحصیل کنگری کے زلزلے سے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں

ضلع کیچ کے عوام کیلئے خوشخبری

جاگی بارڈر کو کھولنے کیلئے ایران کیساتھ معاملات طے پاگئے

ضلع کیچ میں بارڈر کے حوالے سے گزشتہ 16 سے 17 مہینوں سے شدید بے چینی کی صورتحال پیدا ہو چکی تھی، ڈپٹی کمشنر

اس وقت کچھ ٹیکنیکل معاملات پینڈنگ میں ہیں جو انشاء اللہ چند ہی دنوں میں طے پا جائیں گے، یاسر اقبال دشتی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ، یاسر اقبال دشتی نے اتوار کے روز اپنے دفتر میں بارڈر نمائندگان کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ضلع کیچ میں جاگی بارڈر کراسنگ پوائنٹ کھولنے کے حوالے سے ایرانی حکام کے ساتھ اتفاق ہو گیا ہے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، پک اپ اور موٹر سائیکل میں تصادم

ہرنائی (این این آئی) ضلع ہرنائی کے علاقے ناکس پل کے قریب تیز رفتار پک اپ اور موٹر سائیکل کے درمیان ہونے والے افسوسناک ٹریفک حادثے میں واپڈا کا ملازم کبیر مجگ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔

سردار اختر جان مینگل اور رہنماں کی حارث مینگل کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی صدر و قائد بلوچستان سردار اختر جان مینگل، مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکریٹری ملک نصیر احمد شاہوانی، مرکزی سیکریٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ، اور مرکزی ہیومن رائٹس سیکریٹری احمد نواز بلوچ نے ماما نور بخش کے فرزند حارث مینگل کے انتقال پر ان کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بسیمہ میں موبائل نیٹ ورک کے بعد اب پی ٹی سی ایل کا نظام بھی درہم برہم

ٹیلیفون لائنوں کی بار بار بندش، عملہ غیر حاضر، صارفین شدید مشکلات کا شکار

بسیمہ (نامہ نگار) تحصیل بسیمہ میں موبائل نیٹ ورک کی ناقص کارکردگی کے بعد اب پی ٹی سی ایل کی سروس بھی شدید متاثر ہو چکی ہے، جس کے باعث شہریوں کو مواصلاتی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، سپین تنگی میں ایک گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی اجتماع میں سیکیورٹی اور انتظامی محکموں کے افسران کی بڑی تعداد میں شرکت

ہرنائی (خ ن) صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایات اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوامی دوست وژن کے عین مطابق، عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے اور ان کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

گوادر میں پولیس کی بڑی کارروائی، غفلت برتنے پر 14 اہلکار نوکری سے فارغ

سنٹر تھانے پر حملے اور سرکاری سامان لوٹنے کے بعد محکمہ پولیس کا سخت ایکشن

گوادر (یو این اے) گوادر میں بلوچستان پولیس کی بڑی کارروائی کے دوران ڈسٹرکٹ پولیس کے 14 اہلکار نوکری سے فارغ کر دیے گئے ہیں۔ محکمہ پولیس کے مطابق غفلت اور لاپرواہی برتنے پر ایس آئی نیاز احمد سمیت 14 اہلکاروں کو نوکری سے نکالا گیا ہے، جن میں مجید (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد، پولیس کی ملکیتی 54 دکانیں سیل

باقاعدگی سے وقت پر دکانوں کا کرایہ ادا کرتے رہے ہیں، متاثرہ دکانداران

جیکب آباد (انیس جھکرانی) جیکب آباد میں سٹی تھانہ پولیس نے عدالتی حکم پر پولیس کی ملکیتی 78 دکانوں میں سے 54 دکانیں سیل کر دیں۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پولیس کی ملکیت واگزار کرانے کے لیے سال 2022ء (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں کے سہولت کار اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، وزیراعلیٰ

ریاست پوری قوت کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے گی، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا

پاکستان رینجرز سندھ کیمپ پر دہشت گردانہ حملے کی مذمت، دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں

کوئٹہ (خ ن): وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی میں پاکستان رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی یہ بزدلانہ کارروائیاں قوم کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ وزیراعلیٰ نے حملے میں شہید ہونے والے رینجرز کے جوانوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے بہادر سپوتوں کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے ماتھے کا جھومر رہیں گی۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی، اہل خانہ کے لیے صبر جمیل اور زخمی اہلکاروں کی جلد و مکمل صحت یابی کی دعا کی۔ میر سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ، سابق سینیٹر حافظ حمداللہ، مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، آغا جان درویش، رشید ناصر، سردار حاجی عبدالمنان نورزئی اور دیگر شہید ممتاز تاجر محمد ہاشم نورزئی کی وفات پر ان کے والد حاجی رمضان اور بھائی کتاب اللہ، حاجی حافظ سے اظہار تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

گوادر سے ایران ٹرانزٹ تجارت کے لیے مختصر ترین زمینی راہداری فعال

گوادر بندرگاہ سے گبد سرحد تک فاصلہ تقریباً 87 کلومیٹر ہے، جو ایران تک مال برداری کے لیے مختصر ترین زمینی راستہ ہے

گوادر بندرگاہ سے ایران تک کارگو ترسیل کے نئے ضابطے نافذ

سامان کی نقل وحمل کے لیے کسٹمز کی متعدد سہولتیں فراہم کی جائیں گی، چیئرمین گوادر پورٹ، نورالحق بلوچ

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) نے ایران کے ساتھ ٹرانزٹ تجارت کے لیے ایس جی او 05/2026 کے تحت معلوماتی رہنما ہدایات جاری کر دی ہیں جن میں گوادر بندرگاہ سے گبد-ریمدان سرحدی گزرگاہ کے ذریعے ایران تک سامان کی ترسیل کے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

شہداء کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا، ثمینہ ممتاز زہری

رینجرز کے نڈر جوانوں نے کمال پیشہ ورانہ مہارت سے دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا

اسلام آباد (پ ر) چیئرپرسن سینٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر شمینہ ممتاز زہری نے کراچی کے علاقے گلستانِ جوہر میں پاکستان رینجرز کے ہیڈ کوارٹرز پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک ہنگامی بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائی ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے کی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

رکھنی شہر میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری

عوامی وسماجی حلقوں کی جانب سے ترقیاتی کاموں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار

رکھنی (یو این اے) رکھنی شہر میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، جس سے علاقے کی ترقی اور عوامی سہولیات میں نمایاں بہتری کی توقع کی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رکھنی شہر میں سڑکوں کی تعمیر ومرمت، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، سرکاری (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ڈی ایچ او کا سول ڈسپنسری میاں کچ اور سول ڈسپنسری سپین تنگی کا اچانک اور غیبی دورہ

ڈی ایچ او نے فرائض میں غفلت برتنے والے اور غیر حاضر عملے کے خلاف سخت برہمی کا اظہار

ہرنائی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ہرنائی ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل نے عوامی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے سول ڈسپنسری میاں کچ اور سول ڈسپنسری سپین تنگی کا اچانک اور غیبی دورہ کیا۔ اس سرپرائز وزٹ کا بنیادی مقصد دور افتادہ علاقوں میں غریب عوام کو فراہم کی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: صوبائی وزیر مولی محمد نورزئی سے آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹر ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں حکومت کی رٹ کہیں نظر نہیں آرہی ہے، لالہ یوسف خلجی

دن دیہاڑے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حکومت کی رٹ کہیں نظر نہیں آرہی ہے دن دیہاڑے بے گناہ اور معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا جارہا ہے لیکن وزیراعلیٰ سمیت وزراء سب ٹھیک ہے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنا ظلم ہے، سید امان شاہ

عالمی منڈی میں تیل سستا، پاکستان میں عوام اب بھی مہنگا پٹرول خریدنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کے فوری بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، مگر افسوس کے ساتھ پاکستان میں عوام کو اس کا کوئی فائدہ نہیں پہنچایا جارہا۔ حکومت اب بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرنے کے بجائے عوام پر مہنگائی کا (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں فائرنگ کے واقعات میں چار افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں فائرنگ کے واقعات میں چار افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر پولیس تھانے کی حدود میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص سید سومر شاہ ولد شفیع محمد شاہ زخمی ہو گیا جس کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا جبکہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن پولیس تھانے کی حدود گوٹھ عبدالرحمان شر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نور محمد ولد غلام حسین شالوانی ہکٹی شدید زخمی ہو گیا

اغوا شدہ پولیس اہلکار نبیل احمد کی والدہ کی دہائی، میرے بیٹے کو رہا کیا جائے، والدہ

تربت (این این آئی) ضلع پنج کے علاقے شاہی تمپ کے رہائشی اور پولیس فورس کے اہلکار نبیل احمد ولد مرحوم خورشید کی والدہ نے اپنے بیٹے کی بازیابی کے لیے دردبھری اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا بیٹا 23 جون 2026 کو سورگ کے علاقے میں دن دیہاڑے گھر کے اندر سے نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا کر لیا گیا، جس کے بعد سے آج تک اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ نبیل احمد کی والدہ نے کہا کہ ان کا بیٹا گھر کا واحد کفیل ہے اور لیویز فورس میں ملازمت کر کے پورے خاندان کی کفالت کرتا تھا۔

ایڈیشنل ایس پی لسبیلہ امین لاسی کو تعیناتی پر معززینِ بیلا کی مبارکباد

بیلا (یو این اے) اتوار کے روز محلہ ریسٹ ہاؤس بیلا کے معززین ولی محمد خاصخیلی، استاد اللہ ڈنہ خاصخیلی، امتیاز خاصخیلی اور معروف سیاسی وسماجی رہنما یوسف راہی سمیت دیگر عمائدین نے ایڈیشنل ایس پی لسبیلہ امین لاسی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں نئی تعیناتی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر معززین نے ایڈیشنل ایس پی کو سندھ ولسبیلہ کی روایتی اجرکوں کے تحفے پیش کیے اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

سی آئی اے پولیس سوئی کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار

ملزم کو مقدمہ 02/2024 بجرم زیر دفعہ 337H²،147،148،149 میں حسب ضابطہ گرفتار کر لیا

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سی آئی اے پولیس سوئی کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل کے ہدایت پر خلاف جرائم پیشہ عناصر پر عملدرآمد کرتے ڈی ایس پی سرکل سوئی محمد خالد بزدار کی زیر نگرانی سی آئی اے انچارج محمد انور بگٹی، اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کراچی میں رینجر زکیمپ پر دہشت گردوں کا حملہ قابل مذمت ہے

سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو انکے منطقی انجام تک پہنچایا چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کراچی میں رینجر زکیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کو (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ رحمان جمالی، اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں کھلی کچہری کا انعقاد

خاوند بخش منجھو، محبوب علی رند سید سجاد شاہ میر حفیظ پرکانی سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی

نصیر آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں عوامی مسائل ان کی دہلیز پر سننے کے لیے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دریندر لعل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ کی سربراہی میں ڈیرہ رحمان جمالی میں کھلی کچہری کا (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

سی آئی اے پولیس سوئی کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار

ملزم کو مقدمہ 02/2024 بجرم زیر دفعہ 337H²،147،148،149 میں حسب ضابطہ گرفتار کر لیا

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سی آئی اے پولیس سوئی کی کارروائی مفرور ملزم گرفتار ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل کے ہدایت پر خلاف جرائم پیشہ عناصر پر عملدرآمد کرتے ڈی ایس پی سرکل سوئی محمد خالد بزدار کی زیر نگرانی سی آئی اے انچارج محمد انور بگٹی، اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

عوامی خدمت مشن محدود وسائل کے باوجود ترقیاتی سفر جاری رہے گا، فیصل جمالی

حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور خوشحال معاشرے کے قیام کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے

عوام کو تنہا چھوڑنا سیاست کا حصہ نہیں، بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے

گندا خہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، عوامی لیڈر اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ محدود بجٹ کے باوجود عوامی خدمت کے سفر کو ہرگز نہیں روکا جائے گا۔ عوام کو تنہا چھوڑنا ہماری سیاست کا حصہ نہیں، بلکہ ان کے مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر وترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

لاہور: ایک فیملی انارکلی چوک کے قریب لگائے سٹالز پر کتابیں دیکھ رہی ہے

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مسلسل ناکام ہو چکی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

تبلیغی جماعت پر حملہ اور دشت میں مسافر خاندان پر فائرنگ ایک گھناؤنا اور بزدلانہ عمل ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی، حاجی نعمت اللہ خان اچکزئی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

خاران، پیرینٹنگ منتھ کے سلسلے میں سیمینار اور واک کا انعقاد

بچوں کی صحت، غذائیت، صفائی اور مثبت تربیت سے متعلق مفید معلومات اور عملی رہنمائی بھی فراہم کی

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ نے یونیسیف کے تعاون سے پیرینٹنگ منتھ کے سلسلے میں ایک سیمینار اور واک کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد والدین میں بچوں کی متوازن پرورش، صحت مند غذائیت اور مثبت تربیت کے حوالے سے شعور (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

خاران پولیس کی کارروائی ایک شخص گرفتار، قبضے سے 9 ایم ایم کا پستول برآمد

خاران (عیسیٰ محمد حسنی) خاران پولیس کی کارروائی برکت ولد گل محمد ذات سرمستانی کو گرفتار کیا گیا اور اس کے قبضے سے 9 ایم ایم کا پستول برآمد ہوا۔ غازی کے علاقے میں کل رات پیش آنے والے موٹر سائیکل چھیننے کے واقعے کے حوالے سے اسے ایف آئی آر میں نامزد کیا گیا ہے۔ شریک ملزم عقیل اب بھی مفرور ہے۔ پولیس ان کی تلاش جاری کیے ہوئی ہے

زیارت میں پروسپکٹ پوائنٹ دہشت گرد حملے کے خلاف آل پارٹیز کی بہت بڑی احتجاجی ریلی

زیارت (یو این اے) زیارت پروسپکٹ پوائنٹ پر ہونے والے بزدلانہ دہشت گرد حملے کے خلاف زیارت میں آل پارٹیز کے زیر اہتمام ایک عظیم احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں مختلف سیاسی جماعتوں، سماجی تنظیموں اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس احتجاجی ریلی میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی سمیت دیگر تمام علاقائی وقومی سیاسی جماعتوں کے رہنماں اور کارکنوں نے بھرپور شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے

تحصیل نال میں طوفانی بارش اور آندھی سے زرعی ٹیوب ویل کا سولر سسٹم تباہ

خضدار (یو این اے) تحصیل نال کے مختلف علاقوں میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچا دی ہے، طوفانی بارشوں سے زرعی ٹیوب ویل کی سولر پلیٹیں تباہ ہونے سے زمینداروں کو کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے جس پر متاثرہ زمیندار نے فوری امداد ونقصانات کے ازالے کے لیے مدد کی اپیل کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہونے والی طوفانی بارش اور تیز ہواں نے نال اور گردونواح میں شدید تباہی مچائی۔ کلی ڈھل رحمت کے رہائشی زمیندار عبداللہ در مازائی کے زرعی ٹیوب ویل پر نصب تمام سولر پلیٹیں تیز آندھی کے باعث اڑ کر مکمل طور پر تباہ ہو گئیں، جس سے انہیں بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ کلی ڈھل رحمت کی بجلی گزشتہ کئی ماہ سے منقطع ہے، جس کے باعث متاثرہ زمیندار اپنے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری سے مختلف وفود کی ملاقات

میر یونس عزیز زہری نے مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ اداروں کو احکامات جاری کر دیے، وفود کا شکریہ

خضدار (یو این اے) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی و ایم پی اے خضدار میر جمالوان میر یونس عزیز زہری سے ان کے رہائشگاہ پر خضدار و دیگر علاقوں سے آئے ہوئے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سیاسی وسماجی شخصیات، صحافی حضرات، جماعتی احباب و دیگر نے وفود کی صورت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وفود نے ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا میپ کے سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال نے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں زخمیوں کی عیادت کی

بلوچستان مقتل گاہ بن چکا، اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود عوام غیر محفوظ ہیں

ہدایت الرحمٰن بلوچ

فارم 47 کی مرضی کی حکومت، انصاف فراہم کرنے والے ادارے ومیڈیا سب کنٹرول میں رکھنے کے باوجود عوام کی جان ومال محفوظ نہیں

خون آلود بلوچستان، بدامنی کے روزانہ واقعات اور موجودہ پریشان صورتحال میں بھی اسلام آباد کے حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کو مقتل گاہ، ٹوگو ایریا بنا کر خوف ودہشت کا ماحول بنا دیا گیا ہے روزانہ قتل وغارت گری جیسے بڑے دل دہلا دینے واقعات ہو رہے ہیں تاجر محفوظ ہیں نہ سیاح اور مسافر۔ کوئلے کے ٹرک محفوظ ہیں نہ مسافر کوچز۔ طلباء محفوظ ہیں نہ سیاسی ورکرز وتبلیغی جماعت والے محفوظ ہیں۔ ان سب کے ذمہ دار سیکورٹی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر حاجی ولی محمد نورزئی اپنے حلقے میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں